Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

## قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف و مرکزی سیکریٹری جنرل تحریک انصاف عمر ایوب کو دیگر منتخب اراکینِ پارلیمان سمیت سرگودھا کی انسدادِ دہشتگردی عدالت میں داخلے سے روکے جانے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے عدلیہ پر مسلح حملوں کی تاریخ رکھنے والی جماعت کی غیر منتخب اور مینڈیٹ چور حکومت کے عدالت پر بزورِ شمشیر قبضے کی شدید مذمت۔ سپریم کورٹ سے پولیس گردی کے اس سیاہ ترین واقعے کے فوری نوٹس، وزیر اعلیٰ پنجاب، ہوم سیکرٹری پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب اور ہوم سیکرٹری پنجاب کے خلاف کے سخت کارروائی کا مطالبہ

سپیکر قومی اسمبلی سے بھی ان چاروں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لانے کا مطالبہ۔ مینڈیٹ چور وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری، ہوم سیکرٹری اور آئی جی کے خلاف ایوان میں بھرپور آواز اٹھانے اور ان سے کڑی جواب طلبی کا بھی اعلان

پنجاب کی مینڈیٹ چور سرکار نے قومی اسمبلی میں قائدِ حزب اختلاف عمر ایوب، تحریک انصاف کے نامزد شدہ ڈپٹی پارلیمانی رہنما احمد چٹھہ سمیت متعدد اراکین پارلیمان کو جبراً سرگودھا کی انسداد دہشتگردی عدالت میں داخلے سے روک کر بیک وقت پارلیمان اور عدالت کی توہین کی ہے، پنجاب کی مینڈیٹ چور سرکار نے عدالت کو یرغمال بنا کر عدالتی امور میں بدترین مداخلت کی سیاہ تاریخ رقم اور عدالت اور انصاف کی کھلی بے حرمتی اور سنگین جرم کا ارتکاب کیا ہے، قائدِ حزب اختلاف عمر ایوب سمیت دیگر اراکین اسمبلی کو عدالت میں داخلے سے روکنے کا مقصد عدالت کو بندوق کے زور پر فیصلے سے باز رکھنا جبکہ عوامی نمائندوں کو حصولِ انصاف سے محروم کرنا ہے، جنگل کے قانون کے تحت صوبے اور وفاق کی غیر منتخب سرکاریں ننگی بدمعاشی کو وطیرہ بنا رہی ہیں،

اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججز کے خط میں بیان کردہ ہتھکنڈوں کے ذریعے عدالتوں کو انصاف سے باز رکھنے کے بعد ججوں کو یرغمال بنانے اور عدالتوں پر قبضے کر لینے کا ٹرینڈ شروع کیا گیا ہے، جعلی وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ کے ٹاؤٹس کیجانب سے الزامات اور دھمکیوں پر مبنی پروپیگنڈہ مہم بھی عدلیہ کو ہراساں کرنے کے تسلسل کی ایک کڑی ہے، عدلیہ پر ذمہ داری عائد ہے کہ وہ قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے ساتھ ادارے کے وقار کا تحفظ بھی یقینی بنائے، چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ فوری طور پر واقعے کا نوٹس لیں اور عدالتی امور میں اس کھلی مداخلت کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے، سپیکر شریفوں کا ٹاؤٹ بن کر آنکھیں بند کرنے کی بجائے پارلیمان اور منتخب اراکینِ پارلیمان کی حرمت و حقوق کے تحفّظ کیلئے عملی اقدام اٹھائیں، عدالتوں پر قبضے کر کے سیاستدانوں خصوصاً تحریک انصاف کو کچلنے کی کوششیں کرنے والوں کی ہر مقام پر ڈٹ کر مزاحمت کریں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ